**06.10.2023**

**13.50 Hrs**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ............ آسیہ میمونہ

**Music**

☆ بھارتیہ ریزرو بینک نے ریپوریٹ چھ اعشاریہ پانچ فیصد پر برقرار رکھی ہے۔

☆ حکومت نے سکم میں اچانک سیلاب کے سبب ہونے والے نقصانات کا جائزہ لینے کیلئے ایک بین وزارتی مرکزی ٹیم تشکیل دی ہے۔ اُس نے سیلاب سے متاثرہ ریاست کیلئے، اِس قدرتی آفت سے نمٹنے کے مقصد سے تقریباً 45 کروڑ روپے جاری کرنے کی منظوری دی ہے۔

☆ حکومت نے جموں وکشمیر ڈیموکریٹک فریڈم پارٹی کو، اُس کی ملک مخالف اور دہشت گردانہ سرگرمیوں کی وجہ سے غیرقانونی ایسوسی ایشن قرار دیا ہے۔

☆ مرکز نے کہا ہے کہ شہری اب، سرکار کی طرف سے جاری کسی شناخت اور پتے کے ثبوت کی بنیاد پر، ڈرون پائلٹس بن سکتے ہیں۔

☆ اور چین میں Hangzhou ایشیائی کھیلوں میں بھارت کے بیڈمنٹن کھلاڑی ایچ-ایس-پرونائے اور خواتین کی، Recurve تیر انداز ٹیم نے، کھیل مقابلوں کے 13ویں دن کانسے کے تمغے جیتے۔ ملک نے مجموعی طور پر ابھی تک 88 تمغے حاصل کئے ہیں۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**Mumbai RBI**

بھارتیہ ریزروبینک RBI کے گورنر شکتی کانت داس نے آج اعلان کیا ہے کہ مالی پالیسی کمیٹی MPC نے متفقہ طور پر فیصلہ کیا ہے کہ ریپوریٹ کو چھ اعشاریہ پانچ-صفر فیصد پر ہی برقرار رکھا جائے۔ MPC کی میٹنگ چار، پانچ اور چھ اکتوبر 2023 کو منعقد کی گئی تھی۔ RBI کی طرف سے آج جاری ایک بیان کے مطابق میکرو معیشت اور تازہ اقتصادی واقعات کے ایک تفصیلی جائزے کے بعد اُس نے لگاتار چوتھی بار، پالیسی ریپوریٹ کو جوں کا توں برقرار رکھنے کیلئے متفقہ فیصلہ کیا ہے، جس کے نتیجے میں جمع رقم SDF کی شرح بھی چھ اعشاریہ دو-پانچ فیصد ہی رہے گی۔MPC نے بھی چھ میں سے پانچ ارکان کی اکثریت سے یہ فیصلہ کیا ہے کہ رعایتوں کو واپس لینے پر توجہ برقرار رکھی جائے تاکہ اِس بات کو یقینی بنایا جاسکے کہ ترقی جاری رکھتے ہوئے، افراطِ زر پر، مقررہ نشانے کے مطابق قابو پایا جاسکے۔RBI کی طرف سے جاری بیان کے مطابق 2023-24 کے دوران GDP کی اصل ترقی کا، جو نشانہ ساڑھے چھ فیصد مقرر کیا گیا ہے، اُس کے مطابق دوسری سہ ماہی کیلئے ساڑھے چھ فیصد، تیسری سہ ماہی کیلئے چھ فیصد اور چوتھی سہ ماہی کیلئے پانچ اعشاریہ سات فیصد شرح ترقی مقرر کی گئی ہے۔بیان میں یہ بھی

کہا گیا ہے کہ MPC، ضرورت ہونے پر، بروقت پالیسی اقدامات کیلئے انتہائی چوکس اور تیار ہے، تاکہ افراطِ زر اور مقررہ نشانے کے درمیان مطابقت پیدا کی جاسکے اور افراطِ زر پر، منصوبے کے مطابق قابو پایا جاسکے۔

**Center-Sikkim Assistance**

مرکز نے آج سیلاب سے متاثرہ سکم کیلئے تقریباً 45 کروڑ روپے کی مالی مدد جاری کرنے کی منظوری دی ہے۔ یہ رقم 2023-24 کیلئے قدرتی آفات سے نمٹنے کے ریاستی فنڈ سے مرکز کے حصے کے طور پر دی جائے گی۔ اس کا مقصد متاثرہ افراد کو راحت پہنچانے کی خاطر ریاست کی مدد کرنا ہے۔ مرکزی وزارت داخلہ نے اچانک سیلاب کے سبب نقصانات کا جائزہ لینے کیلئے ایک بین وزارتی مرکزی ٹیم بھی تشکیل دی ہے۔ وزارت نے بتایا کہ یہ ٹیم جلد ہی ریاست کے متاثرہ علاقوں کا دورہ کرے گی اور اِس کے جائزے کی بنیاد پر سکم کیلئے مرکز کی طرف سے اضافی امداد کی منظور دی جائے گی۔ مرکزی حکومت سکم کی صورتحال پر اعلیٰ سطح پر لگاتار قریبی نظر رکھے ہوئے ہے۔

**Sikkim Situation**

سکم میں تباہ کن اچانک سیلاب میں مرنے والوں کی تعداد 19 تک جاپہنچی ہے۔ قدرتی آفات سے نمٹنے کے ریاستی محکمے نے بتایا ہے کہ 103 افراد لاپتہ ہیں، جن میں فوجی عملے کے لوگ بھی شامل ہیں۔یہ تازہ سیلاب، بدھ کو Lachen وادی کی تیستا ندی میں شمالی سکم میں Lhonak جھیل میں اچانک گلیشئر پگھلنے کی وجہ سے آیا تھا۔کل نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے ریاست کے چیف سکریٹری وی-بی-پاٹھک نے کہا کہ ریاست کے، پانی میں ڈوبے ہوئے علاقوں میں، لاپتہ افراد کے بچاؤ اور تلاش کا کام جاری ہے۔ چیف سکریٹری نے ایوانِ تجارت، تھوک بیوپاریوں، دوا ساز کمپنیوں کی ایسوسی ایشن، LPG ڈیلروں و ڈسٹری بیوٹروں، پٹرول پمپ مالکان اور ٹیکسی ڈرائیوروں کی ایسوسی ایشن کے نمائندگان کے ساتھ بہت سی میٹنگیں کیں۔ چیف سکریٹری نے قومی شاہراہوں اور بنیادی ڈھانچے کی ترقی کے کارپوریشن لمیٹڈ NHIDCL کو ہدایت دی ہے کہ وہ لاوا اور Reshi چوکیوں کے ذریعے چھوٹی اور بڑی گاڑیوں کیلئے جلد از جلد راستہ کھول دیں۔اس دوران سکم کے وزیراعلیٰ پی ایس تمانگ نے ریاست کے چیف سکریٹری اور دیگر عہدیداروں کے ساتھ موجودہ صورتحال کا جائزہ لینے کیلئے گنگٹوک میں ایک میٹنگ کی صدارت کی۔ انہوں نے بتایا کہ جو لوگ شیلٹروں میں پناہ لئے ہوئے ہیں، انہیں مفت دوائیں فراہم کی جائیں گی اور ضلع کلکٹرز اِس بات کو یقینی بنائیں گے کہ راحت کیمپ، آرام دہ ہیں۔جناب تمانگ نے بتایا کہ منگن، گنگٹوک، پاکیونگ اور نامچی ضلعوں میں اسکولوں کے علاوہ سبھی سرکاری اور پرائیویٹ کالج مزید کوئی اطلاع نامہ جاری ہونے تک بند کردیئے گئے ہیں۔

**Anti Terror Conference**

وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ مرکزی اور ریاستی ایجنسیاں پچھلے 9 سال میں ملک میں، ہر طرح کی دہشت گردی سے سختی سے نمٹنے میں کامیاب رہی ہیں۔ جناب شاہ کل نئی دلّی میں قومی تحقیقاتی ایجنسی کی طرف سے، دہشت گردی کی روک تھام سے متعلق دو روزہ کانفرنس کے افتتاح کے بعد خطاب کر رہے تھے۔ وزیر موصوف نے کہا کہ دہشت گردی کی روک تھام کا طریق کار، NIA کے تحت قائم کیا جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ سبھی ریاستوں میں، دہشت گردی کی روک تھام سے متعلق سبھی ایجنسیوں کی درجہ بندی، ڈھانچے اور تحقیقات سے متعلق معیاری طریق کار کو یکساں بنایا جانا چاہئے، تاکہ مرکزی اور ریاستی ایجنسیوں کے مابین بہتر تال میل ہوسکے۔

وزیر داخلہ نے زور دے کر کہا کہ سبھی دہشت گردی مخالف ایجنسیوں کو ایسا سخت طریق کار اختیار کرنا چاہئے، تاکہ کوئی نئ دہشت گرد تنظیم قائم نہ ہو پائے۔ انہوں نے کہا کہ NIA، دہشت گردی مخالف دستے اور اسپیشل ٹاسک فورس کا کام صرف تحقیقات تک محدود نہیں رہنا چاہئے، بلکہ انہیں دہشت گردی سے نمٹنے کیلئے اختراعی اقدامات بھی کرنے چاہئیں۔جناب شاہ نے اس بات کو اُجاگر کیا کہ نریندر مودی حکومت نے کرپٹو، حوالہ، دہشت گردی کیلئے رقوم فراہم کرنے، منظّم جرائم کے گروہ اور منشیات اور دہشت گردوں کے درمیان رابطوں جیسے چیلنجوں کے بارے میں سخت موقف اختیار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس کے اچھے نتائج برآمد ہوئے ہیں، لیکن ابھی بہت کچھ کیا جانا باقی ہے۔

**UAE Piyush**

کامرس اور صنعت کے مرکزی وزیر پیوش گوئل متحدہ عرب امارات کے دو روزہ دورے پر ہیں۔ اپنے دورے کے پہلے دن وزیر موصوف نے ابوظہبی کی سرمایہ کاری سے متعلق اتھارٹی کے مینجنگ ڈائریکٹر شیخ **Hamed Bin Zayed Al Nahyan** کے ساتھ سرمایہ کاری سے متعلق بھارت متحدہ عرب امارات کے درمیان اعلیٰ سطحی ٹاسک فورس کی گیارہویں میٹنگ کی مشترکہ صدارت کی۔ یہ ٹاسک فورس بھارت اور متحدہ عرب امارات کے درمیان تجارت، سرمایہ کاری اور معاشی تعلقات کو فروغ دینے کیلئے **2013** میں قائم کی گئی تھی۔ دونوں لیڈروں نے متحدہ عرب امارات میں گھریلو کارڈ اسکیم کے نفاذ کیلئے بھارت کے نیشنل **Payments** کارپوریشن اور متحدہ عرب امارات کے سینٹرل بینک کے ایک ذیلی ادارے الاتحاد **Payments** کے درمیان کلیدی شراکت داری سمجھوتے پر بھی دستخط کیے۔ سمجھوتے کے مطابق **NPCI** اور **AEP** بھارت کے **RuPay** کارڈ پر مبنی **UAE** کی اندرون ملک ادائیگی سے متعلق کارڈ اسکیم کے آغاز اور اسے تیار کرنے کیلئے اہمیت کی حامل شراکت داری کے ایک سمجھوتے پر دستخط کیے ہیں۔ میڈیا سے بات کرتے ہوئے جناب گوئل نے بھارت اور یو اے ای کے درمیان دستخط کیے گئے سمجھوتے کے بارے میں وضاحت کی۔کامرس اور صنعت کے مرکزی وزیر نے کہاکہ بھارت اور متحدہ عرب امارات کا مقصد باہمی تجارت میں اضافہ کرنا ہے اور اِسے **100** ارب ڈالر تک لے جانا ہے۔

**Govt JKDFP**

حکومت نے غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام کی قانون کے تحت جموں وکشمیر ڈیموکریٹک فریڈم پارٹی **JKDFP** کو ایک غیر قانونی انجمن قرار دیا ہے۔ مذکورہ تنظیم **1998** سے ملک مخالف سرگرمیوں میں ملوث رہی ہے۔وزارت داخلہ نے ایک ریلیز میں بتایاہے کہ اس کے ممبروں نے ہمیشہ ہی بھارت میں علیحدگی پسندی اور دہشت گردانہ سرگرمیوں کو شہ دی ہے۔ وزارت داخلہ نے کہاہے کہ اس تنظیم کے ممبران لوگوں کو اُکساکر کشمیر کو ایک علیحدہ اسلامک ریاست بنانا چاہتے ہیں جو بھارت کے اقتدار اعلیٰ، سلامتی اور یکجہتی کے منافی ہے۔ **UAPA** ، آئی پی سی کی مختلف دفعات کے تحت تنظیم کے خلاف بہت سے فوجداری معاملات درج کیے جاچکے ہیں۔

**J&K-Media Workshop**

کشمیر وادی میں لیفٹیننٹ گورنر کے مشیر راجیو رائے بھٹناگر نے سری نگر میں کل تمباکو نوشی کی روک تھام کے سلسلے میں جموں وکشمیر انتظامیہ کوششوں پر ایک روزہ **Media Sensitization** ورکشاپ کا افتتاح کیا۔ اس ورکشاپ کا انعقاد کشمیر کے حفظانِ صحت کے ڈائریکٹوریٹ نے کیا ہے، جس کا مقصد جموں وکشمیر انتظامیہ کی جانب سے تمباکو نوشی کی روک تھام کی

کوششوں سے متعلق بیداری پیدا کرنے اور میڈیا کو شامل کرنا ہے۔ ورکشاپ میں شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے مشیر بھٹناگر نے کہا کہ شراکت داروں کے درمیان بہتر نفاذ اور تال میل ہونے سے سماج میں تمباکو نوشی کے اثرات سے نمٹا جاسکتا ہے۔مشیر نے اس بات کو مزید اجاگر کیا کہ تمباکو کے خطرے سے نمٹنے میں میڈیا کا رول بیحد اہم ہے اور میڈیا جس طرح سماج کی نگرانی کرتا ہے، اس کی یہ صلاحیت اسے تمباکو نوشی کے سماج پر ہونے والے اثرات کو کم کرنے میں ایک اہم شراکت دار بناتی ہے۔

**Civil Aviation Drone**

شہری ہوا بازی کی وزارت نے کہاہے کہ اب شہری بھی حکومت کی طرف سے جاری کیے گئے کسی بھی شناخت اور پتے کے ثبوت کے بغیر ڈرون پائلٹ بن سکتے ہیں۔ وزارت نے ڈرون پائلٹ کیلئے ڈرون کے نئے ترمیمی ضوابط 2023 کو نوٹیفائی کیا ہے۔ ترمیم کے بعد اب یہ واضح ہوگیا ہے کہ اگر ڈرون پائلٹ کے پاس پاسپورٹ نہیں ہے تو ووٹر آئی ڈی، راشن کارڈ یا ڈرائیونگ لائسنس، جیسے حکومت کی طرف سے جاری پتے اور شناخت کے ثبوت ایک ریموٹ پائلٹ سٹیفکیٹ کی درخواست دینے کیلئے قبول کیے جاسکتے ہیں۔

**Asian Games**

چین کے ہانگزو میں ایشین گیمز میں بھارت نے 21 سونے، 32 چاندی اور 35 کانسے کے تمغوں سمیت مجموعی طور پر 88 تمغے حاصل کرکے تاریخ رقم کی ہے۔ اس وقت بھارت تمغوں کی فہرست میں چوتھے مقام پر ہے۔ جکارتہ میں ہوئے 18ویں ایشیائی کھیلوں میں بھارت نے مجموعی طور پر 70 تمغے حاصل کئے تھے، جس کے مقابلے میں یہ ایشیائی کھیلوں میں بھارت کی اب تک کی سب سے بہترین کارکردگی ہے۔ تیراندازی میں بھارت کی خواتین کی Recurve ٹیم نے کانسے کے تمغے کیلئے ایک پلے آف میچ میں ویتنام کو 2 کے مقابلے 6 پوائنٹ سے ہراکر کانسے کا تمغہ جیتا۔ بیڈمنٹن میں H.S.Prannoy کو بھی کانسے کے تمغے پر اکتفا کرنا پڑا۔Mens کرکٹ میں بھارت نے سیمی فائنل میں بنگلہ دیش کو 9 وکٹ سے ہرا کر فائنل میں جگہ بنالی ہے۔کُشتی کے سیمی فائنل میں بجرنگ پونیا کو ایرانی پہلوان سے ہار کا سامنا کرنا پڑا۔ امن، سونم، کرن کو مختلف زمروں کے سیمی فائنل میچوں میں ہار کا سامنا کرنا پڑا۔ وہ آج دن میں کانسے کے تمغے کیلئے مقابلہ کریں گے۔